نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی خصوصی ٹیمیں سموگ کنٹرول کیلئے متحرک اور چوکس ہیں

لاہور:26اگست 2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ امسال سموگ کنٹرول کیلئے محکمہ زراعت کی ٹیمیں پوری طرح متحرک اور چوکس ہیں۔اس ضمن میں دھان کے کاشتکاروں کوانتباہ کیلئے نوٹس ارسال کئے جا چکے ہیں جس میں واضح کیا گیا ہے کہ دھان کی باقیات کومحکمہ زراعت پنجاب کی متعین کردہ ہدایات کے مطابق سپر سیڈر کی مدد سے تلف کریں تا کہ فصلوں کی باقیات کوآگ لگانے سے ماحول آلودہ نہ ہو۔واضح رہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے " کلین ائیر پروگرام "کے تحت دھان کے مڈھوں کی تلفی کے لیے کاشتکاروں کو5.5 ارب روپے سے 60فیصد سبسڈی پر دھان کاشت کرنے والے35اضلاع میں جدید پانچ ہزار سپر سیڈرز اور فراہم کیے گئے ہیں تا کہ دھان کے مڈھوں کواس جدید زرعی مشینری کے استعمال سے تلف کیا جا سکےاور کاشتکاروں کودھان کی باقیات کو آگ لگانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔علاوہ ازیں،محکمہ زراعت کی جانب سے دھان کے کاشتکاروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ دھان کے مڈھوں کوآگ لگانے سے زمین کی بالائی سطح پر موجود نامیاتی مادہ کونقصان پہنچتا ہےاور زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے۔دھان کے کاشتکار کٹائی کے بعد مڈھوں کوآگ لگانے کی بجائے انہیں زمین میں ملا کر زمین کی زرخیزی میں اضافہ کریں۔دھان کے مڈھوں کو تلف کرنے کیلئے کاشتکار دستی کٹائی کی صورت میں روٹا ویٹر اور مشین سے کٹائی کی صورت میں ڈسک ہیرو کی مدد سے فصل کی باقیات کو زمین میں ملا دیں یا گہرا ہل چلا کر آدھی بوری یوریا فی ایکڑ چھٹہ کر کے پانی لگا دیں۔اس سے زمین کی زرخیزی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆